قارئین کے خطوط

گلستان بخاری ہمیشہ بے خزاں رہے۔

یوں تو ہمیں روزانہ اپنے قارئین اور مخلصین کے خطوط موصول ہوتے ہیں اور ہم اُن کی باتوں سے لطف اندوز ہوتے اور اُن کے مشوروں سے استفادہ کرتے ہیں۔ مگر ذیل میں دو ایسے خطوط نذر قارئین کئے جا رہے ہیں۔ جو محبت و اخلاص کا مرقع ہیں۔ (ادارہ)

پہلا خط اٹک سے حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ کا ہے۔ حضرت قاضی صاحب، حضرت مولانا احمد علی لاہوری قدس سرہ کے خلفاء میں سے ہیں اور ہمارے دیرینہ کرم فرما ہیں۔ دوسرا خط حافظ محمد سلیم انجم صاحب کا ہے جنہوں نے بینائی سے محروم ہونے کے باوجود نقیب سے تعلق استوار رکھا۔ ان کے خط میں اخلاص و محبت کی کیفیت نے اتنا متاثر کیا کہ ہم اپنے آنسوؤں کو نہ روک سکے اللہ تعالیٰ ان حضرات کو سلامت رکھے اور اپنی دعاؤں سے ادارہ کی سرپرستی فرماتے رہیں۔ (ادارہ)

محترم المقام سید عالی نسب جناب سید محمد کفیل صاحب زید مجدکم

سلام مسنون!

ماہنامہ نقیب باقاعدگی سے آرہا ہے۔

اپنی علالت اور نقاہت کی وجہ سے اس کا پورا مطالعہ تو نہیں کرسکتا البتہ بعض اہم مضامین دیکھ لیتا ہوں۔ جزاک اللہ خیر الجزاء

حضرت امیر شریعت نور اللہ مرقدہ کے جانشین اور ہمارے واجب الاحترام حضرت ابوذر بخاری دامت برکاتہم کی شدید علالت کا پڑھ کر فکر لاحق ہے۔ دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اس گلستان بخاری کو ہمیشہ بے خزاں رکھے۔ تاکہ ہم جیسے تہی دامن ان کے سایۂ رحمت و شفقت میں دینی اور روحانی سکون حاصل کرسکیں۔ آمین
اس گناہ گار کا سلام پہنچا دیں اور دعائے حسن خاتمہ سے نوازیں۔

والسلام

خادم

زاہد الحسینی

حال ایبٹ آباد